تدریب الصرف

درجہ اولیٰ کے علم الصرف کی تمرین کے لیے
ترتیب دی گئی مفید کتاب جو مطلوبہ استعداد کے
حصول میں ان شاء اللہ معاون ثابت ہوگی

ترتیب
اساتذہ جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مجلس دعوت وتحقیق اسلامی
جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

تدریب الصرف

درجہ اولی کے طلبہ کے لیے علم الصرف کی تمرین پر مشتمل مفید کتاب،
جوان شاء اللہ مطلوبہ استعداد کے حصول میں معاون ومفید ثابت ہوگی۔

ترتیب وتحقیق
اساتذہ جامعہ علوم اسلامیہ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

ناشر
مجلس دعوت وتحقیق اسلامی
جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

کتاب کا نام.......................تدریب الصرف

ترتیب.......................اساتذہ جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

سن طباعت.......................جمادی الاولی ۱۴۳۱ھ مطابق اپریل ۲۰۱۰ء

ناشر.......................مجلس دعوت وتحقیق اسلامی

ملنے کا پتہ.......................مکتبہ بینات جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

جامعۃ العلوم الاسلامیۃ

علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن

کراتشی ۵ پاکستان

021-34913570-34123366-34121152

فہرست مضامین

پیش لفظ ۵
ہدایات برائے مدرسین ۷

تمرین افعال متصرفہ واسماء مشتقہ

مصادر باب نصر ۱۱
تمرین فعل ماضی ۱۲
تمرین فعل مضارع ۱۳
تمرین فعل جحد منفی بلم ۱۴
تمرین فعل مستقبل مؤکد منفی بلن ۱۴
تمرین فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید ثقیلہ ۱۵
تمرین فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید خفیفہ ۱۵
تمرین فعل امر ۱۶
تمرین فعل نہی ۱۷
تمرین اسمائے مشتقہ ۱۸
تمرین افعال متصرفہ واسماء مشتقہ ۱۹
تمرین صیغ اسماء جامدہ وصیغ صحیح ومعتل ۲۰

تمرین تصریفات وصیغ سالم

تمرین باب نصر ثلاثی مجرد سالم ۲۴
تمرین باب ضرب ثلاثی مجرد سالم ۲۴
تمرین باب سمع ثلاثی مجرد سالم ۲۵
تمرین باب فتح ثلاثی مجرد سالم ۲۵
تمرین باب کرم ثلاثی مجرد سالم ۲۶
تمرین تصریفات وابواب ثلاثی مجرد سالم ۲۶
تمرین صیغ ثلاثی مجرد سالم ۲۷

ابواب ثلاثی مزید بے ہمزہ وصل

تمرین باب افعال ثلاثی مزید سالم ۲۸
تمرین باب تفعیل ثلاثی مزید سالم ۲۸
تمرین باب مفاعلہ ثلاثی مزید سالم ۲۹
تمرین باب تفعل ثلاثی مزید سالم ۲۹
تمرین باب تفاعل ثلاثی مزید سالم ۳۰

ابواب ثلاثی مزید باہمزہ وصل

تمرین باب افتعال ثلاثی مزید سالم ۳۰
تمرین باب استفعال ثلاثی مزید سالم ۳۱
تمرین باب انفعال ثلاثی مزید سالم ۳۱
تمرین باب افعلال ثلاثی مزید سالم ۳۲
تمرین باب افعیلال ثلاثی مزید سالم ۳۲
تمرین باب افعیعال ثلاثی مزید سالم ۳۳
تمرین باب افعوال ثلاثی مزید سالم ۳۳
تمرین باب افعل ثلاثی مزید سالم ۳۴
تمرین باب افاعل ثلاثی مزید سالم ۳۴

ابواب رباعی مجرد

تمرین باب فعللۃ رباعی مجرد سالم ۳۵

ابواب رباعی مزید بے ہمزہ وصل

تمرین باب تفعلل رباعی مجرد سالم ۳۵

ابواب رباعی مزید باہمزہ وصل

تمرین باب افعنلال رباعی مزید سالم ۳۶
تمرین باب افعلال رباعی مجرد سالم ۳۶
تمرین صرف کبیر ابواب سالم ۳۷
تمرین صیغ سالم ۳۸

تمرین تصریفات ابواب وصیغ مہموز

تمرین تصریفات ابواب مہموز الفاء ۴۱
تمرین تصریفات ابواب مہموز العین ۴۳
تمرین تصریفات ابواب مہموز اللام ۴۵
تمرین صیغ مہموز ۴۷

تمرین تصریفات ابواب وصیغ مضاعف

تمرین تصریفات ابواب مضاعف ۵۰
تمرین صیغ مضاعف ۵۳

تمرین تصریفات ابواب وصیغ مثال

تمرین تصریفات ابواب مثال واوی ۵۶
تمرین تصریفات ابواب مثال یائی ۵۸
تمرین صیغ مثال ۶۰

تمرین تصریفات ابواب وصیغ اجوف

تمرین ابواب وتصریفات اجوف واوی ۶۳
تمرین ابواب وتصریفات اجوف یائی ۶۵
تمرین صیغ اجوف ۶۷

تمرین تصریفات ابواب وصیغ ناقص

تمرین تصریفات ابواب ناقص واوی ۷۰
تمرین تصریفات ابواب ناقص یائی ۷۱
تمرین صیغ ناقص ۷۳

تمرین تصریفات ابواب وصیغ لفیف

تمرین تصریفات ابواب لفیف مفروق ۷۷
تمرین تصریفات ابواب لفیف مقرون ۷۹
تمرین صیغ لفیف ۸۱
تمرین صیغ ابواب مختلطہ ۸۳

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصّلوۃ والسلام علی سیّد المرسلین وعلی الہ وصحبہ أجعمین، أمابعد .

اسلام اور عربی زبان کا باہمی محکم رشتہ محتاج بیان نہیں ،اسلام کا بنیادی پیغام ''قرآن کریم'' عربی زبان میں ہے اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات وارشادات کا عظیم الشان ذخیرہ احادیث مبارکہ بھی عربی میں ہے۔

اسی طرح عربی علوم سیکھنے اور پڑھنے کے لیے صرف ونحو کی ضرورت واہمیت بھی بیان کی محتاج نہیں ،لہٰذا دیگر عربی علوم کی تحصیل سے قبل بقدر ضرورت صرف ونحو کی تعلیم بہت ضروری ہے، تاکہ طلباء کو قرآن وحدیث کے سمجھنے اور علوم عالیہ اور علمی مأخذ ومراجع سے استفادہ کرنے میں سہولت وآسانی ہو۔

دینی مدارس میں درس نظامی کے نصاب میں مبتدی طلباء کو صرف ونحو کے موضوع پر مختلف کتابیں پڑھانے کا معمول چلا آرہا ہے،ان کتب کے انتخاب میں مبتدی طلباء کی ذہنی صلاحیت اور استعداد کو بہرحال مدنظر رکھا جاتا رہا ہے، یہی وجہ ہے کہ صرف ونحو کے نصاب میں حسب موقع ردوبدل بھی ہوتا رہا،جس میں بنیادی سوچ اور فکر یہ رہی کہ صرف ونحو کی تعلیم کے لئے جو بھی کتاب اپنے اسلوب، حسن تعبیر اور زبان وبیان کے اعتبار سے استفادہ کرنے میں آسان محسوس ہوئی ،اس کو بطور نصاب تجویز کرلیا گیا اور ایک عرصہ تک وہ کتاب زیر درس رہی۔

ذوالقعدۃ ۱۴۲۶ھ کو جامعہ کی مجلس تعلیمی نے جامعہ اور شاخہائے جامعہ کے درس نظامی کی تدریس سے وابستہ تمام مدرسین اور اساتذہ کو جمع کرکے دوروزہ ''مجلس محاضرہ'' کا انعقاد کیا،جس میں جامعہ کے اساتذہ کرام نے تفسیر ،حدیث ،اصولِ حدیث ،فقہ ،اصول فقہ ،منطق ،فلسفہ ،بلاغت اور صرف ونحو کے طریقۂ تدریس اور طرز تعلیم کی مزید بہتری وافادیت کے لئے اپنے گراں قدر تجربات کا نچوڑ پیش کرتے ہوئے مفید تجاویز دیں۔

صرف ونحو کے محاضرہ میں یہ پہلو بھی سامنے آیا کہ ہمارے ہاں صرف ونحو پڑھانے کے لئے جو کتابیں نصاب میں شامل ہیں، وہ تقریباً فارسی زبان میں ہیں جبکہ فارسی زبان فی زمانہ ابتدائی طلباء کے لئے انتہائی مشکل ہے، خصوصاً درجہ متوسطہ پڑھے بغیر براہ راست درجہ اولیٰ میں داخل ہونے والے طلبہ تو اس سے بالکل ہی ناواقف

ہوتے ہیں جبکہ ایسے ہی طلبہ کی تعداد نسبتاً زیادہ ہوتی ہے، جس کی وجہ سے ایسے طلبہ پر دوہرا بوجھ پڑتا ہے، یعنی ایک طرف نامانوس زبان کا بوجھ اور دوسری طرف فن کا بوجھ، نتیجتاً فن پر مطلوبہ محنت تقسیم ہو جاتی ہے جس کی بناء پر فن میں مطلوبہ استعداد اور مہارت پیدا نہیں ہو پاتی۔

اس مشکل کے حل کے لئے صرف ونحو پڑھانے والے اساتذہ نے اپنے تجربات کی روشنی میں اس بات پر زور دیا کہ صرف ونحو کے موضوع پر اردو زبان میں ایسا درسی مواد ترتیب دیا جائے جو زبان و بیان میں انتہائی آسان ہو، تعبیر و اسلوب میں سہل ترین ہونے کے علاوہ مروجہ زیر درس کتابوں کی خصوصیات کا حامل بھی ہو، چنانچہ ان اہداف کو مدنظر رکھتے ہوئے، ''علم صرف'' کے موضوع پر ایک کتاب ''تعلیم الصرف'' کے نام سے مرتب کی گئی، جس میں علم صرف کی ضروری اصطلاحات، گردانیں اور قوانین کے علاوہ ہر بحث سے متعلق تمرینات کا اہتمام بھی کیا گیا، البتہ اصل کتاب (تعلیم الصرف) کا حجم کم رکھنے کے لئے تمارین کا حصہ الگ رکھا گیا جس کو ''تدریب الصرف'' کے نام سے علیحدہ شائع کیا جارہا ہے۔

جامعہ کی مجلس تعلیمی نے ''علم صرف'' کی اس کتاب کو ایک سال تک آزمائشی نصاب کے طور پر جامعہ وشاخہائے جامعہ میں درجہ اولیٰ کے طلبہ کے لیے منظور کیا تھا، اس دوران یہ کتاب اس فن کے پڑھانے والے کئی اساتذہ کرام کی تصحیحات وترمیمات سے بھی گزری، پھر سال کے آخر میں جامعہ کے اساتذہ کی ایک کمیٹی نے مسلسل ایک ماہ کی مشاورت کے بعد مدرسین اور دیگر اہل علم کی تجاویز کی روشنی میں اس میں مفید تبدیلیاں کیں، بعض ایسی تبدیلیاں بھی کی گئیں ہیں جو ہمارے یہاں ہندوپاک کی مروجہ درسی کتب سے مختلف ہیں، لیکن یہ تبدیلیاں قدیم اور معتبر کتب کے بالکل موافق ہیں، دوران تالیف ہر مسئلے میں علم الصرف کے مستند اور معتبر مراجع ومصادر پیش نظر رہے۔

''علم صرف'' پڑھانے والے اساتذہ یا فن صرف سے فاضلانہ مناسبت رکھنے والے اہل علم کی مفید تجاویز ومشوروں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا، نیز کتابت یا کسی بھی قسم کی فنی اصلاح کی طرف متوجہ کرنے والے اساتذہ کرام اور طلباء عظام کا شکریہ ادا کیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس محنت اور سعی کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اسے علوم دینیہ پڑھنے والے طلبہ کی استعداد بہتر بنانے کا ذریعہ بنائے۔ آمین!

سلیمان یوسف بنوری

نائب رئیس جامعہ

ہدایات برائے مدرسین

تمرین ومشق ہرفن کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، خصوصاً ابتدائی طلبہ کو جب تک تمرین نہ کرائی جائے، اس وقت تک ان کی سمجھ میں بات نہیں آسکتی، لہٰذا اسی ضرورت کو مدّ نظر رکھتے ہوئے تمرین کے لئے ایک مستقل کتاب ترتیب دی گئی تاکہ تمرین کے خاطر خواہ ثمرات ونتائج حاصل ہوں، تمرین کرانے والے اساتذہ کے لئے مندرجہ ذیل ہدایات پرعمل کرنا اور کرانا بے حد ضروری ہے:

۱-صیغہ حل کرنے کا طریقہ: جب کسی طالب علم سے صیغہ پوچھا جائے تو صیغہ کے جواب میں طالب علم کو اس کا پابند کیا جائے کہ وہ مندرجہ ذیل امور ضرور بتلائے:

الف: کہ یہ صیغہ واحد، تثنیہ، جمع میں سے کیا ہے؟ مذکر ہے یا مؤنث؟۔ اسی طرح غائب، حاضر، متکلم کا تعین، مثلاً: صیغہ جمع مذکر غائب۔

ب: صرف کبیر کونسی ہے؟، ماضی ہے یا مضارع وغیرہ، مثلاً فعل ماضی مثبت معلوم۔

ج: باب کا تعین، مثلاً: ثلاثی مجرد، باب نصر ینصر۔

د: صحیح ومعتل کی وضاحت، مثلاً: اجوف واوی وغیرہ۔

ہ: اس صیغہ میں تعلیل ہوئی ہے کہ نہیں؟ اگر ہوئی ہے تو اس کی وضاحت کہ اصل میں کیا تھا؟ وزن کیا تھا؟ پھر کس قانون سے موجودہ شکل کی طرف منتقل ہوا ہے؟ ذیل میں مثال کے طور پر ایک صیغہ حل کیا گیا ہے:

قُلْ: صیغہ واحد مذکر حاضر، فعل امر حاضر معلوم، ثلاثی مجرد، باب نصر، اجوف واوی

اصل میں: اُقْوُلْ بروزن: اُفْعُلْ تھا، واؤ متحرک تھی، ماقبل حرف صحیح ساکن تھا تو "یقول یبیع کے قانون" سے واؤ کی حرکت ماقبل (قاف) کو دے دی، واو ساکن ہوگئی تو اُقُوْلْ ہوگیا، اب اجتماع ساکنین ہوا، واؤ اور لام کا، چونکہ واو مدہ تھی تو "اجتماع ساکنین کے قانون" سے اس کو حذف کردیا تو اُقُلْ ہوگیا، امر کا ہمزہ وصلی مابعد کے متحرک ہونے کی وجہ سے "ہمزہ وصلی کے قانون" سے حذف ہوگیا، تو قُلْ بروزن فُلْ

ہوگیا۔

۲-استاذ کی ذمہ داری: تدریب الصرف کے استاذ کی ذمہ داری ہے کہ وہ تمرین میں دیئے گئے مختلف مصادر کی صرف صغیر اور صرف کبیر طلبہ ہی سے نکلوائیں، خود بالکل نہ بتائیں، پھر ان گردانوں کے صیغے بھی پوچھیں، اسی طرح تمرین میں جو صیغے دیئے گئے ہیں وہ بھی طلبہ سے حل کروائیں اور اسی ترتیب سے حل کروائیں جو اوپر مذکور ہے، اور ان صیغوں سے بھی گردانیں پڑھوائی جائیں، مثلا: صیغہ یومنون جب طالب علم حل کردے تو اس سے کہا جائے کہ اس کی صرف صغیر پڑھے، فعل مضارع معلوم کی گردان پڑھے وغیرہ

غرضیکہ تمرین کا سارا کام طالب علم سے لیا جائے، البتہ بوقت ضرورت استاذ صاحب راہنمائی فرمائیں اور غلطیوں کی نشاندہی اور اصلاح کریں، طالب علم سے صیغے علی وجہ البصیرت حل کروائے جائیں، ایسا نہ ہو کہ طالب علم صیغے کی تفصیل کہیں سے رٹ کر استاذ کو سنادے، بلکہ استاذ دیکھے کہ طالب علم صیغے کو سمجھتا بھی ہے کہ نہیں اور اس کی تربیت دی جائے کہ ہر طالب علم اپنی ذہانت اور استعداد سے صیغوں اور گردانوں کو حل کرے، کسی اور کی مدد نہ لے، الا یہ کہ خود عاجز ہو جائے تو پھر استاذ سے پوچھ لے۔

۳-بورڈ کا استعمال: استاذ صاحب خود بھی بورڈ کا استعمال کرے، طالب علم سے بھی اس کا استعمال کرائے، جس کا طریقہ یہ ہو کہ صیغہ بورڈ پر لکھا جائے اور پھر بورڈ ہی پر طالب علم سے حل کروایا جائے، خصوصاً صیغہ کی اصل، وزن اور دیگر وضاحتیں بورڈ پر تحریر کی جائیں، تاکہ معقول چیز محسوس ہو کر اقرب الی الفہم ہو جائے۔

۴-تمرین کے لیے ہر طالب علم کے پاس کاپی ہو، جس میں صیغے حل کیے جائیں اور بوقت ضرورت طالب علم اس کی طرف رجوع کرسکے، استاذ اس بات کی بھی نگرانی کرے کہ ہر طالب علم اپنا کام خود کرے، کسی دوسرے سے نقل نہ کرے۔

۵-استاذ محترم صرف موجودہ تمارین پر اکتفا نہ کرے، بلکہ بوقت ضرورت مزید صیغوں کا اجرا بھی کرائے، تاکہ طالب علم کو صیغوں کی پہچان اور تعلیل کرنا خوب اچھی طرح آجائے۔

۶-"تدریب الصرف" میں اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ مصنوعی صیغوں کے علاوہ زیادہ تر صیغے قرآن مجید اور احادیث مبارکہ سے لئے گئے ہیں تاکہ تمرین کے ساتھ ساتھ طالب علم قرآن وحدیث کے مشکل صیغوں کو حل کرتا جائے جو کہ علم الصرف کا اصل مقصود ہے۔

۷- صیغے حل کرانے میں طالب علم سے وہی بات پوچھی جائے جو اس نے ''تعلیم الصرف'' میں پڑھی ہے، مثلا: ابھی طالب علم نے صرف مثال کے قوانین پڑھے ہیں، تو انہیں کا اجراء کروایا جائے اجوف اور ناقص کو ابھی نہ چھیڑا جائے۔

۸- طالب علم کو صیغوں کے حل کروانے کا ایسا ذوق وشوق دلایا جائے کہ جب بھی طالب علم کے سامنے کوئی لفظ آجائے تو خود بخود غیر اختیاری طور پر اس کا ذہن صیغہ حل کرنے میں مشغول ہو جائے اور وہ مشکل سے مشکل صیغہ بھی با آسانی خود حل کر سکے، اس طرح صیغوں کے حل کے ساتھ ساتھ صرف کے قوانین بھی طالب علم کو خوب یاد رہیں گے۔

۹- استاذ صاحب سے گذارش ہے کہ صیغوں کے حل میں مستند کتب کی طرف مراجعت فرمائیں اور علم الصرف کے مسلمہ قوانین کی روشنی میں صیغوں کا مناسب حل نکالیں۔

۱۰- تدریب کا مقصد طالب علم کی علمی استعداد میں رسوخ اور کمال پیدا کرنا ہے، اس لیے طلبہ کو محنت کا موقع دینے کی بجائے پہلے سے صیغوں کا حل پیش کر دینا یا شروحات شائع کر دینا، طلبہ کی استعداد بننے میں بہت بڑی رکاوٹ اور علمی انحطاط کا سبب ہے، ایسے لوگ طلبا کے قطعاً خیر خواہ نہیں، بلکہ طلبہ کے ساتھ سراسر ظلم و ناانصافی کرنے والے شمار ہوں گے۔

لہٰذا تمام حضرات خصوصاً کتب ناشرین سے گذارش ہے کہ ''تدریب الصرف'' کے صیغوں کا حل ہرگز ہرگز شائع نہ کریں بلکہ تدریب الصرف پڑھانے والے اساتذۂ کرام بھی ایسی تمام کاپیوں اور مسودوں کی ترویج کی سخت حوصلہ شکنی کریں جو کسی بھی صورت میں تدریب الصرف کی شرح بن سکتی ہوں اور مطلوبہ محنت کے حصول میں حائل بن رہی ہوں۔

تمرین

افعال متصرفہ واسماء مشتقہ

مصادر باب نصر

درج ذیل مصادر کے معانی یاد کریں۔

اَلْخُرُوْجُ (نکلنا)	اَلْقُعُوْدُ (بیٹھنا)	اَلسُّقُوْطُ (گرنا)
اَلدُّخُوْلُ (داخل ہونا)	اَلْهَرَبُ (بھاگنا)	اَلطَّلَبُ (ڈھونڈنا)
اَلسَّتْرُ (چھپانا)	اَلسُّکُوْتُ (خاموش رہنا)	اَلْقَتْلُ (قتل کرنا)
اَلنَّشْرُ (پھیلانا)	اَلْکِتَابَةُ (لکھنا)	اَلْحَشْرُ (جمع کرنا)
اَلذِّکْرُ (یاد کرنا)	اَلرَّجْمُ (سنگسار کرنا)	اَلْحَرْثُ (کھیتی کرنا)
اَلْخُلُوْدُ (ہمیشہ رہنا)	اَلنَّفْخُ (پھونک مارنا)	اَلرُّقُوْدُ (سونا)
اَلْمَکْثُ (ٹھہرنا)	اَلتَّرْکُ (چھوڑنا)	اَلنَّقْصُ (کم ہونا)
اَلنَّقْضُ (توڑنا)	اَلْبَسْطُ (پھیلانا)	اَلطُّلُوْعُ (طلوع ہونا)

تمرین فعل ماضی

۱- ذیل میں دیئے گئے افعال سے فعل ماضی کی صرف کبیر پڑھیں۔

طَلَبَ	هَرَبَ	سَتَرَ
سَکَتَ	قَتَلَ	نَشَرَ
کَتَبَ	حَشَرَ	ذَکَرَ

۲- مندرجہ ذیل صیغے حل کریں

ذُکِرْنَ	مَاهَرَبْتَ	مَارَجَمْتُ
حَشَرْنَ	کُتِبَتْ	مَا سَتَرْنَ
طَلَبْتُنَّ	ماقُتِلُوْا	قَتَلْتُمْ
نَشَرْنَ	ما نَشَرْتُ	ما طُلِبُوْا
هَرَبُوْا	مَا کَتَبْتُمْ	ماقُتِلَتْ
سَکَتَا	حُشِرَتْ	مَا قُتِلْنَا
رُجِمَ	هَرَبُوْا	کَتَبَتْ
سَتَرْتُنَّ	رَجَمْتُمْ	ذَکَرَتَا

تمرین فعل مضارع

۱-ذیل میں دیئے گئے افعال سے فعل مضارع کی صرف کبیر پڑھیں۔

یَخْرُجُ	یَسْقُطُ	یَحْرُثُ
یَخْلُدُ	یَدْخُلُ	یَذْکُرُ
یَقْتُلُ	یَنْفُخُ	یَطْلُبُ

۲-مندرجہ ذیل صیغے حل کریں

یَدْخُلُوْنَ	یَخْرُجْنَ	تَسْقُطُوْنَ
اُذْکُرُ	لَایَخْلُدُوْنَ	تَقْعُدِیْنَ
یَنْفُخْنَ	تَطْلُبْنَ	یُکْتَبُ
لَاتَخْلُدْنَ	تَسْقُطْنَ	تَحْرُثُوْنَ
نَحْرُثُ	اَنْفُخُ	یَکْتُبُوْنَ
یَذْکُرُوْنَ	یُرْجَمَانِ	نَدْخُلُ

۳-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں

السَّتْرُ سے فعل ماضی مثبت مجہول۔

النَّفْخُ سے فعل مضارع منفی معلوم۔

التَّرْکُ سے فعل ماضی منفی مجہول۔

الکِتَابَۃُ سے فعل مضارع مثبت مجہول۔

تمرین فعل جحد منفی بلم وفعل مستقبل مؤکد منفی بلن

۱-ذیل میں دیئے گئے افعال سے فعل جحد منفی بلم کی صرف کبیر پڑھیں۔

لم یَخْرُجْ	لم یَسْقُطْ	لم یرْقُدْ
لم یَمْکُثْ	لم یَحْرُثْ	لم یَخْلُدْ
لم یَحْشُرْ	لم یَقْعُدْ	

۲-ذیل میں دیئے گئے افعال سے فعل مستقبل مؤکد منفی بلن کی صرف کبیر پڑھیں۔

لن یَّقْتُلَ	لن یَّقْعُدَ	لن یَّحْرُثَ
لن یَّنْفُخَ	لن یَّتْرُكَ	لن یَّکْتُبَ
لن یَّنْشُرَ	لن یَّحْشُرَ	

۳-مندرجہ ذیل صیغے حل کریں

لم یَدْخُلُوْا	لم یَخْرُجْنَ	لن تَرْجِمِیْ
لن اَطْلُبَ	لن یَّخْلُدُوْا	لم تقْعُدِیْ
لن یُّحْشَرُوْا	لن نُقْتَلَ	لم تَطْلُبْنَ
لن یَّهْرُبَا	لم تَخْلُدْنَ	لم تَسْقُطْنَ
لن تَحْرُثُوْا	لم نَحْرُثْ	لم اَطْلُبْ
لن اَنْفُخَ	لم تَرْقُدُوْا	لن أمْکُثَ
لن تَحْرُثِیْ	لن اَکْتُبَ	لن اُحْشَرَ
لن یُّرْجَمَ	لن تَسْقُطوا	

تمرین فعل مستقبل مؤکد بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ

۱- ذیل میں دیئے گئے افعال سے فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید ثقیلہ اور فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید خفیفہ کی صرف کبیر پڑھیں

لَیَخْرُجَنَّ	لَیَسْقُطَنَّ	لَیَحْرُثَنَّ
لَیَخْلُدَنَّ	لَیَدْخُلَنَّ	لَیَقْعُدَنَّ
لَیَنْفُخَنَّ	لَیَطْلُبَنَّ	لَیَکْتُبَنَّ

۲- مندرجہ ذیل صیغے حل کریں

لَیَدْخُلُنَّ	لَیَخْرُجْنَانِّ	لَتَسْقُطُنَّ
لَیَخْلُدُنَّ	لَاَحْرُثَنَّ	لَیُخْرَجَنَّ
لَتَرْقُدِنْ	لَیَنْفُخُنْ	لَتَطْلُبِنْ
لَیَکْتُبَانِّ	لَتَخْلُدُنْ	لَتَسْقُطْنَانِّ

۳- درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں

الترک سے فعل جحد منفی بلم مجہول	القتل سے فعل ماضی مثبت مجہول
الحشر سے فعل مضارع مثبت معلوم	الطلب سے فعل مستقبل مؤکد منفی بلن مجہول
النشر سے فعل مضارع معلوم ومجہول	الخروج سے فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید خفیفہ معلوم

۴- مندرجہ ذیل صیغے حل کریں

یَدْخُلُوْنَ	لم یَخْرُجْنَ	لن تَسْقُطُوْا	قُتِلَتْ	لایَخْلُدُوْنَ
لم یُخْرَجْ	لم تَقْعُدِی	لن یُنْفُخَنَ	مَاهَرَبْتَ	سَکَتَا
مَا سَتَرْنَ	طَلَبْتُنَّ	یَهْرُبَانِ	لاتَخْلُدْنَ	لَاطْلُبَنْ
تَسْقُطْنَ	تَحْرُثُوْنَ	نَحْرُثُ	کَتَبُوْا	حُشِرُوْا

تمرین فعل امر

۱- درج ذیل افعال سے فعل امر کی تمام صرف کبیر پڑھیں۔

اُحْرُثْ	اُخْلُدْ	اُدْخُلْ
اُقْعُدْ	اُطْلُبْ	اُنْفُخْ
اُنْقُصْ	اُمْكُثْ	اُهْرُبْ

۲- ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے اور بحث بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

اُحْرُثَا	لَاتَحْرُثَنَّ	اُخْلُدُوْا	لِاَدْخُلَنَّ
اُدْخُلِيْ	لِيَدْخُلَنَّ	اُقْعُدِيْ	لِيَنْفُخْنَ
لِتَطْلُبْنَ	لِيَهْرُبَانِّ	لِيَخْلُدْنَ	لَاطْلُبَنْ
لِيَسْقُطْنَانِّ	لِيَقْعُدَنَّ	لِتَتْرُكَنَّ	لَامْكُثَنْ
اُكْتُبِيْ	اُدْخُلَا	اُقْعُدْنَ	اُمْكُثَا

۳- درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں

السقط سے فعل ماضی مثبت معلوم　　النفخ سے فعل جحد منفی بلم معلوم

القتل سے فعل جحد منفی بلم مجہول　　النقص سے فعل مضارع مثبت مجہول

الطلب سے فعل امر حاضر معلوم　　الهرب سے فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید ثقیلہ معلوم

النشو سے فعل امر غائب معلوم　　الخروج سے فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید خفیفہ معلوم

تمرین فعل نہی

۱- درج ذیل افعال سے فعل نہی کی تمام صرف کبیر پڑھیں۔

لَاتَحرُثْ	لَاتَخلُدْ	لَاتَدْخُلْ
لَاتَقعُدْ	لَاتَقتُلْ	لَاتَنفُخْ
لَاتَنقُصْ	لَاتَمکُثْ	لَاتَهرُبْ
لَاتَترُكْ		

۲- ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے اور صرف کبیر بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

لَاتَحرُثَا	لَایَحرُثْنَ	لَاتَخلُدُوْا	لَاتَدْخُلِیْ
لَاأُدْخُلْ	لَایَدْخُلَنَّ	لَاتَقعُدْ	لَایَنفُخنَ
لَاتَطلُبْنَ	لَایَهرُبَانِّ	لَاتَخلُدُنْ	لَایَقتُلَنَّ
لَاتَسقُطَنَانِّ	لَاتَقعُدِنَّ	لَانُترَکَنَّ	

۳- درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں

الحرث سے فعل ماضی منفی معلوم

القتل سے فعل مضارع معلوم ومجہول

الطلب سے فعل امر غائب معلوم

النشر سے فعل نہی حاضر مجہول

الخلود سے فعل مستقبل مؤکد منفی بلن معلوم ومجہول

النقص سے فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید ثقیلہ معلوم

الهرب سے فعل امر حاضر مجہول مؤکد بانون تاکید ثقیلہ

الخروج سے فعل نہی غائب معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ

تمرین تصریفات اسماء مشتقہ

۱-درج ذیل مصادر سے اسم فاعل، اسم مفعول، اسم تفضیل، اسم ظرف، اسم آلہ کی صرف کبیر پڑھیں۔

اَلْحَرْثُ، اَلْخُلُوْدُ، اَلْقَتْلُ ، اَلنَّقْضُ، اَلطَّلَبُ ،
اَلْهَرَبُ ، اَلنَّشْرُ، اَلْخُرُوْجُ ،

۲-ذیل میں دیئے گئے صیغے حل کریں۔

حَارِثَانِ خَالِدِيْنَ مَقْتُوْلُوْنَ مَنْقُوْضٌ طَلَبَةٌ
هَارِبَاتٌ نَوَافِخُ أَنَافِخُ مَخْرَجٌ مَقَاعِدُ
حُرَّاثٌ فَرِحِيْنَ قُدُّوْسَةٌ قُتَّلٌ

تمرین افعال متصرفہ واسماء مشتقہ

۱-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

اَلطَّلَبُ سے فعل ماضی منفی معلوم

اَلسَّتْرُ سے فعل مضارع منفی مجہول

اَلْقَتْلُ سے فعل امر حاضر وغائب معلوم

اَلنَّقْضُ سے فعل امر حاضر وغائب مجہول

اَلنَّشْرُ سے اسم فاعل، اسم مفعول اور اسم تفضیل

اَلتَّرْکُ سے فعل ماضی معلوم ومجہول

اَلْبَسْطُ سے فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید ثقیلہ معلوم

۲-درج ذیل صیغے حل کریں

تَطْلُبْنَ	یُکْتَبُ	دَخَلُوْا	یُقْتَلُوْنَ	مَطَالِعُ
یَثْبُتُ	الرَّزَّاقُ	کَافِرٌ	نَصِیْرٌ	اَنْقَضُ
مِنْشَارٌ	نَقَضْتُ	مَسْتُوْرٌ	تَطْلُعُ	تَکْفُرُوْنَ
اُنْصُرُ	لَیَنْصُرَنَّ	مَبْسُوْطَتَانِ	حَاشِرِیْنَ	مَحْشُوْرَةٌ

ہدایت برائے استاذ محترم: طلبہ کو ابتداء سے اب تک پڑھائے گئے تمام اسباق کی گردانوں کی خوب مشق کرائی جائے صیغوں کی پہچان اور ترجمہ کی تمرین کروائی جائے، قرآن مجید اور احادیث سے مختلف صیغے نکلوائے جائیں۔

تمرین صیغ اسماء جامدہ وصیغ صحیح و معتل

مندرجہ ذیل کلمات کا وزن نکال کر حروف اصلی اور زوائد کی وضاحت کریں، نیز کلمہ کے ثلاثی، رباعی یا خماسی ہونے کی بھی وضاحت کریں۔

شَمْسٌ	حَبْلٌ	قَبْرٌ	فَهْدٌ	صَقْرٌ
بُرْدٌ	قُرْطٌ	نَمِرٌ	كَبِدٌ	ضِلَعٌ
إِرَمٌ	صُرَدٌ	خُرُصٌ	جِذْعٌ	عَقْرَبٌ
ظِلْفٌ	شَعْرٌ	جَبَلٌ	رَجُلٌ	قَمَرٌ
بَلَدٌ	شَجَرٌ	قَلَمٌ	ذِئْبٌ	اَسَدٌ
بَقَرٌ	سَبُعٌ	رِجْلٌ	عَسَلٌ	طُنُبٌ
جُمُدٌ	قَذَالٌ	جَرَادٌ	سَحَابٌ	كَلَامٌ
سَمَاءٌ	غُرَابٌ	عُنَابٌ	سَرَابٌ	لِسَانٌ
غُلَامٌ	مِشْرِيقٌ	رِدَاءٌ	لِحَافٌ	اِزَارٌ
مِدَادٌ	سِمَاكٌ	ضِبْعَانٌ	سِرْحَانٌ	كِتَابٌ
سُدُوسٌ	عَنْبَرٌ	اَرْنَبٌ	حَنْظَلٌ	قُنْذُعٌ
قَهْمَدٌ	قُنْجُلٌ	قُمْبُضٌ	سُنْدُسٌ	فُلْفُلٌ
فُسْتُقٌ	زِئْبَرٌ	هِجْرِسٌ	قِلْعَمٌ	قِلْفَعٌ
فِطَحْلٌ	قِطْمِيرٌ	خِنْزِيرٌ	زُنْبُورٌ	صُنْدُوقٌ

صُنبُورٌ	صِهرِيجٌ	بِرذَونٌ	جِرذَونٌ	عَمَرَّسٌ
قُمعُوثٌ	قُنذُولٌ	خُرطُومٌ	قُندُرٌ	زِلزَالٌ
قِنطَارٌ	خِرشَآءٌ	عَقرَقَلٌ	سَفَرجَلٌ	عَقَنقَلٌ
عَصَنصَرٌ	زَبَرجَدٌ	زَمهَرِيرٌ	سَلسَبِيلٌ	قَمَطرِيرٌ
قُمعُولَةٌ	قُمعُوطَةٌ	قَنعَدَلٌ	غِرنِيقٌ	غِدفَلٌ
عَندَلِيبٌ	عُمرُوطٌ	عَمَرَّطٌ		

مندرجہ ذیل صیغوں کا وزن نکال کر ان میں صحیح و معتل کی تمام اقسام کی نشاندہی کریں۔

خَلَقَ	اَجَلٌ	يُوَسوِسُ	وَاجِبٌ	عَودٌ
صَيفٌ	عُتُوٌّ	نَهيٌ	رُوِيَ	وَجِيَ
نَعبُدُ	اَثَرٌ	يَسئَلُ	يَمُدُّ	فَدمَدَمَ
وَقَفَ	نَومٌ	بَيعٌ	عَفوٌ	كِفَايَةٌ
رَوِيَ	وَعيٌ	دَاخِلُونَ	أَثِمَ	بَدَاَ
ضَلَالٌ	وَعظَ	ذَوقٌ	حَلَاوَةٌ	هِدَايَةٌ
هَوِيَ	وَحيٌ	اُذكُرُوا	اَفِكَ	ذَرَاَنَا
وَقَبَ	زَلَلٌ	يَاسِرٌ	مَوتٌ	سَيفٌ
تِلَاوَةٌ	نَعيٌ	سَوِيَ	وُلِيَ	بَذَاءَةٌ
مَلَاَ	زُلزِلَت	وِترٌ	يَتِيمٌ	تَوبَةٌ
يَنَعَ	صَوتٌ	يَئِسنَ	وَجهٌ	وَجِلَت

تمرین
تصریفات وصیغ سالم

تمرین باب نصر، ثلاثی مجرد، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْمَکْثُ (ٹھہرنا) اَلْخُرُوْجُ (نکلنا) اَلدُّخُوْلُ (داخل ہونا) اَلْقُعُوْدُ (بیٹھنا)

اَلطَّلَبُ (طلب کرنا) اَلسَّتْرُ (چھپانا) اَلنَّقْضُ (توڑنا) اَلنَّشْرُ (پھیلانا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں

اَلسَّتْرُ سے اسم فاعل اور اسم مفعول اَلْخُرُوْجُ سے اسم تفضیل

اَلنَّقْضُ سے فعل جحد منفی بلم معلوم ومجہول اَلطَّلَبُ سے فعل امر حاضر معلوم

۳-درج ذیل صیغے حل کریں

مَکَثْتُمْ نَمْکُثُ لَایَمْکُثُوْنَ اُمْکُثَا مَاکِثِیْنَ لِیَمْکُثْنَانِّ

قُتِلُوْا نَخْرُجُ لَاتَخْرُجِیْنَ لِیَخْرُجْنَانِّ مَخْرَجٌ اَخْرَجَانِ

قَعَدْنَا لَانَقْعُدُ لَاتَقْعُدُوْا اُقْعُدْنَ مَقْعَدٌ قَاعِدَاتٌ

تمرین باب ضرب، ثلاثی مجرد، سالم،

۱۔درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں

اَلْعَصْرُ (نچوڑنا) اَلْحَلْقُ (مونڈنا) اَلسَّرِقَةُ (چوری کرنا) اَلصَّرْفُ (پھیرنا)

اَلْهَلَاکُ (تباہ ہوجانا) اَلْعَدْلُ (انصاف کرنا) اَلْغَلَبُ (غلبہ کرنا) اَلْکَسْبُ (کمانا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

اَلْعَصْرُ سے فعل مضارع معلوم ومجہول اَلْحَلْقُ سے فعل امر حاضر معلوم ومجہول

اَلصَّرْفُ سے فعل نہی غائب معلوم اَلْغَلَبُ سے اسم فاعل اور اسم مفعول

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

مَاعَصَرُوْا لَاتَعْصِرُ لِیَعْصِرْنَانِّ عَاصِرُوْنَ اِعْصِرْ عَاصِرَانِ

حَلَقْنَا یَحْلِقُوْنَ لَاتَحْلِقُوْا لَایَحْلِقُوْنَ لَمْ تَحْلِقْ اِحْلِقْ

صَرَفْتِ یَصْرِفَانِ لَنْ یَصْرِفُوْا لِیَصْرِفْنَ مَصْرِفٌ صَارِفُوْنَ

تمرین باب سمع، ثلاثی مجرد، سالم

۱- درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلرُّکُوْبُ (سوار ہونا) اَلْحَمْدُ (تعریف کرنا) اَلشَّهَادَةُ (گواہی دینا) اَللُّبْثُ (ٹھہرنا)

اَلضِّحکُ (ہنسنا) اَلْعِلْمُ (جاننا) اَلْفَهْمُ (سمجھنا) اَلْقُدُوْمُ (آنا)

۲- درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

اَلْحَمْدُ سے فعل ماضی معلوم ومجہول اَلْفَهْمُ سے فعل مضارع معلوم ومجہول

اَلْعِلْمُ سے اسم تفضیل اَلشَّهَادَةُ سے فعل مستقبل مؤکد منفی بلن معلوم ومجہول

۳- ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

رَکِبْتُمْ لَيَرْكَبْنَّ اِرْكَبْنَانِّ مَرْکَبٌ لَمْ أَرْكَبْ

ضَحِكُوْا يَضْحَكُوْنَ لَنْ نَضْحَكَ لَتَضْحَكُنَّ اِضْحَكُوْا

عَلِمُوْا لَاتَعْلَمُوْنَ لَاتَعْلَمَا اَعْلَمُوْنَ اِعْلَمْنَ

تمرین باب فتح ثلاثی مجرد، سالم

۱- درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْجَرْحُ (زخمی کرنا) اَلْمَنْعُ (روکنا) اَلطَّبْخُ (پکانا) اَلْخَلْعُ (اتارنا)

اَلْقَلْعُ (اکھاڑنا) اَلْجُحُوْدُ (دانستہ انکار کرنا) اَلذِّهَابُ (جانا) أَلْقَطْعُ (کاٹنا)

۲- درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں

اَلْجَرْحُ سے فعل ماضی مثبت معلوم اَلْمَنْعُ سے فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید خفیفہ معلوم

اَلطَّبْخُ سے فعل امر حاضر معلوم اَلْخَلْعُ سے اسم فاعل واسم مفعول اور اسم ظرف

۳- ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

جُرِحْتُمْ مُنِعْنَا طَبَخْنَ لَاتَخْلَعْ مِقْلَاعٌ جَحَدُوْا

مَذْهَبٌ تَذْهَبِيْنَ مَقْطُوْعٌ لَنْ يُّجْرَحْنَ مَاقَلَعُوْا مَانِعِيْنَ

اِطْبَخِيْ لَيَمْنَعَنَانِّ اَمْنَعُوْنَ ذَاهِبُوْنَ اِخْلَعِيْ مَمْنُوْعٌ

تمرین باب کرم ثلاثی مجرد، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْقُرْبُ (نزدیک ہونا) اَلْبُعْدُ (دور ہونا) اَلْبَصَارَۃُ (بینا ہونا) اَلْکَثْرَۃُ (زیادہ ہونا)

اَلصُّعُوْبَۃُ (مشکل ہونا) اَلشَّرَافَۃُ (نیک ہونا) اَلْحُرْمُ (حرام ہونا) اَلنَّظَافَۃُ (صاف ہونا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں

اَلصُّعُوْبَۃُ سے فعل جحد منفی بلم معلوم اَلْبَصَارَۃُ سے فعل مستقبل مؤکد بانون تاکید ثقیلہ معلوم

اَلْقُرْبُ سے صفت مشبہ اَلْبُعْدُ سے اسم تفضیل

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

قَرِیْبٌ بَعُدَتْ بَصُرْنَا تَکْثُرِیْنَ لاتَصْعُبَا لأشْرُفَنَّ

اَحْرُمُ مِنْظَفَۃٌ لَیَقْرُبَنَّ بَعُدْنَ لَنْ تَحْرُمَا لاتَکْثُرْ

لَمْ تَبْصُرُوْا اُشْرُفَا مِبْصَارٌ لَیَبْعُدُنَانِّ اُنْظُفِیْ صُعْبٰی

تمرین تصریفات ابواب ثلاثی مجرد سالم

درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں

اَلْخُرُوْجُ سے فعل مضارع منفی معلوم اَلْخَلْعُ سے فعل امر حاضر مجہول مؤکد بانون تاکید خفیفہ

اَلسَّرِقَۃُ سے مستقبل مؤکد منفی بلن معلوم اَلشَّهَادَۃُ سے فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید ثقیلہ معلوم

اَلسَّتْرُ سے فعل ماضی مثبت مجہول اَلذَّهَابُ سے فعل نہی حاضر معلوم

اَلْکَسْبُ سے فعل جحد منفی بلم معلوم اَلضِّحْکُ سے فعل امر حاضر معلوم

اَلنُّعُوْمَۃُ سے اسم ظرف اَلْقُدُوْمُ سے فعل امر غائب معلوم

اَلنَّظَافَۃُ سے فعل مضارع مثبت معلوم اَلْعَدْلُ سے اسم فاعل

تمرین صیغ ثلاثی مجرد، سالم

درج ذیل صیغے حل کریں

لن اَکْسِبَ	صَرَفْتِ	ضَحِکُوْا	لَایَمْکُثُوْنَ	اِعْصِرْ
اُمْکُثَا	لِیَمْکُثْنَانِّ	سُتِرُوْا	نَخْرُجُ	لَاتَخْرُجِیْنَ
لِیَخْرُجْنَانِّ	اَخْرَجَانِ	قَعَدْنَا	لَانَقْعُدُ	لَاتَقْعُدُوْا
اُقْعُدْنَ	لَنْ نَضْحَكَ	قَاعِدَاتٌ	لَاتَعْصِرُ	عَاصِرُوْنَ
لَاتَصْعُبَا	عَاصِرَانِ	لَاتَعْلَمَا	حَلَقْنَا	لِیَعْصِرْنَانِّ
مَرْکَبٌ	یَحْلِقُوْنَ	مَاکِثِیْنَ	لَاتَحْلِقُوْا	رَکِبْتُمْ
لَایَحْلِقُوْنَ	مَخْرَجٌ	لَمْ تَحْلِقْ	اِحْلِقْ	مَکَثْتُمْ
یَصْرِفَانِ	لن یَصْرِفُوْا	لِیَصْرِفْنَ	مَصْرِفٌ	صَارِفُوْنَ
لَیَرْکَبَنَّ	اِرْکَبْنَانِّ	لَمْ اَرْکَبْ	نَمْکُثُ	یَضْحَکُوْنَ
مَاعَصَرُوْا	لِیَمْنَعْنَانِّ	لَتَضْحَکَنَّ	اِضْحَکُوْا	عَلِمُوْا
لَاتَعْلَمُوْنَ	مَقْعَدٌ	اِعْلَمْنَ	جُرِحْتُمْ	مُنِعْنَا
طَبَخْنَ	لَاتَخْلَعْ	مِقْلَاعٌ	جَحَدُوْا	مَذْهَبٌ
تَذْهَبِیْنَ	مَقْطُوْعٌ	لَنْ یُّجْرَحْنَ	مَاقَلَعُوْا	مَانِعِیْنَ
اِطْبَخِیْ	اَمْنَعُوْنَ	اَعْلَمُوْنَ	ذَاهِبُوْنَ	اِخْلَعِیْ
مَمْنُوْعٌ	قَرِیْبٌ	بَعُدَتْ	بَصُرْنَا	تَکْثُرِیْنَ
لَاشْرُفَنَّ	اَحْرَمُ	مِنْظَفَةٌ	لَیَقْرُبَنَّ	بَعُدْنَ
لَنْ تَحْرُمَا	لَانَکْثُرُ	لَمْ تَبْصُرُوْا	اُشْرُفَا	مِبْصَارٌ
لِیَبْعُدْنَانِّ	اُنْظُفِیْ	صُعْبیٰ	لَیَذْهَبَنَّ	مُرْشِدِیْنَ
مُتَقَابِلُوْنَ	مُزْدَجِرٌ			

تمرین باب افعال ثلاثی مزید، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْاِرْهَابُ (ڈرانا) اَلْاِذْهَابُ (لے جانا) الاسکات (چپ کرانا) الانبات (اگانا)

الانصات (چپ رہنا) الاخراج (نکالنا) الابعاد (دور کرنا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الاکرام سے فعل ماضی منفی معلوم الاذهاب سے فعل امر حاضر معلوم

الاسکات سے فعل نہی غائب معلوم الانبات سے فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید خفیفہ معلوم

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

مُسْكِتٌ لَيُذْهِبَنَّ مُرْشِدِيْنَ يُنْبِتُ اَنْصِتُوْا لَمْ اُخْرِجْ

اَبْعَدَ تُسْكِتِيْنَ مَااَكْرَمْتُ مُخْرَجَانِ لَيُبْعِدُنَّ اَذْهِبِيْ

اَرْشَدْنَ لَاتُنْبِتْنَ مُنْصِتَاتٌ لَمْ تُبْعِدِيْ لَايُكْرِمْنَانِّ لن نُرْشِدَ

تمرین باب تفعیل، ثلاثی مزید، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلتَّرْغِيْبُ (رغبت دلانا) اَلتَّعْذِيْبُ (عذاب دینا) التقریب (نزدیک کرنا) التکذیب (جھٹلانا)

التصدیق (سچا ماننا) التصریح (ظاہر کرنا) التحقیر (خوب ذلیل کرنا) التذکیر (یاد دلانا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الترغیب سے فعل ماضی مثبت مجہول التعذیب سے فعل مضارع معلوم و مجہول

التقریب سے اسم فاعل اور اسم ظرف التکذیب سے فعل امر غائب معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

لَايُذَكِّرْنَ مَاحُقِّرَتَا لَيُصَرِّحُنَّ مُصَدِّقِيْنَ تُكَذِّبَانِ مُقَرَّبٌ

لَنْ تُعَذِّبُوْا لَتُرَغِّبَنَّ رَغَّبَا لِتُذَكِّرْنَانِّ لَانُعَذِّبُ لَاتُحَقِّرُوْا

قَرِّبَا مُصَرَّحَاتٌ كَذَّبُوا ماصدَّقْتُ لم اُصَرِّحْ لِيُصَرِّحْنَ

تمرین باب مفاعلہ ثلاثی مزید، سالم

۱- درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْمُحَارَبَۃُ (جنگ کرنا) اَلْمُطَالَبَۃُ (مانگنا) المعاقبۃ (سزا دینا) المباعدۃ (دور کرنا)

المعاتبۃ (ملامت کرنا) المخادعۃ (فریب دینا) المخالطۃ (ساتھ رہنا) المتابعۃ (موافقت کرنا)

۲- درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

المحاربۃ سے فعل ماضی منفی مجہول — المطالبۃ سے فعل مستقبل مؤکد منفی بلن معلوم

المعاقبۃ سے فعل نہی غائب معلوم — المباعدۃ سے فعل امر حاضر مجہول مؤکد بانون تاکید ثقیلہ

۳- ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

مُحَارِبَانِ لَيُطَالَبَنْ مُعَاقِبِيْنَ يُبَاعَدُ عَاتِبُوْا لم أُخَادِعُ

خَالِطْ لن نُتَابِعَ تُحَارِبِيْنَ مَاطَالَبْنَا لَيُعَاقِبَانِّ بَاعِدِيْ

مُعَاقِبُوْنَ يُخَادِعُوْنَ لم نُخَالِطْ لاتُعَاتِبَا لاتُعَاتِبَانِ مُطَالَبَاتٌ

تمرین باب تفعل ثلاثی مزید، سالم

۱- درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

التقبل (قبول کرنا) التجنب (دور ہونا) الترشح (ٹپکنا) التفسخ (پھٹنا)

التلطخ (آلودہ ہونا) التجرد (برہنہ ہونا) التفکر (سوچنا) التعلم (سیکھنا)

۲- درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

التقبل سے فعل ماضی معلوم ومجہول — التجنب سے فعل جحد منفی بلم معلوم ومجہول

الترشح سے فعل امر حاضر معلوم — التعلم سے اسم فاعل اور اسم مفعول

۳- ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

تَقَبَّلَ يَتَجَنَّبَانِ مُتَرَشِّحٌ مَاتَفَسَّخُوْا لم تَتَلَطَّخْ لاأَتَجَرَّدُ

لن تَتَفَكَّرَا لَنَتَعَلَّمَنَّ تَفَكَّرْ لِتَتَفَسَّخَا لايَتَجَرَّدْنَ تَجَنَّبْنَ

تَرَشَّحَتَا لَيَتَلَطَّخَانِّ مُتَفَسِّخُوْنَ لايَتَجَنَّبُ لم تَتَرَشَّحَا لَتَتَعَلَّمْنَانِّ

تمرین باب تفاعل ثلاثی مزید، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلتَّقَابُلُ (ایک دوسرے کے سامنے ہونا) اَلتَّعَاقُبُ (ایک دوسرے کے پیچھے ہونا) التعاتب (ایک دوسرے کو عتاب کرنا)

التباعد (ایک دوسرے سے دور ہونا) التحاسد (ایک دوسرے سے حسد کرنا) التفاخر (آپس میں فخر کرنا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

التقابل سے فعل مضارع مثبت معلوم ومجہول — التعاقب سے اسم مفعول اور اسم ظرف

التعاتب سے فعل مضارع منفی معلوم ومجہول — التباعد سے فعل نہی حاضر وغائب معلوم

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

مُتَقَابِلُوْنَ تتعاقَبُ لاتتعاتَبِیْ لایتعاقَبُوْنَ تباعَدَتْ لم نتحاسَدَ

لن أتحاسَدَ تفاخَرُوْا لِیَتقابَلا لَتتقابَلانّ ما تعاتبنا لایتباعَدُوْنَ

تَعاقَبُ لِیَتفاخَرْنَ مُتَباعِدَانِ مُتَعَاتِبِیْنَ لِیَتقابَلْنانّ تقابَلُوْا

تمرین باب افتعال ثلاثی مزید، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْاِقْتِرَابُ (نزدیک ہونا) اَلْاِغْتِسَالُ (نہانا) الاکتساب (کمانا) الالتهاب (بھڑکنا)

الانتخاب (چھانٹنا) الاعتماد (بھروسہ کرنا) الاحتراز (پرہیز کرنا) الاستماع (سننا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الاقتراب سے فعل ماضی منفی معلوم — الاغتسال سے فعل جحد منفی بلم معلوم

الاکتساب سے فعل امر غائب مجہول — الالتهاب سے فعل مستقبل مؤکد بالام ونون تاکید خفیفہ معلوم

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

اِسْتَمَعُوْا مُغْتَسَلٌ مَااحْتَرَزْنَ لِیَغْتَسِلْنَ اِقْتَرَبْتُ مُنْتَخَبَاتٌ

لن اَعْتَمِدَ لم تَلْتَهِبْ لَیَکْتَسِبَنَّ لَیَقْتَرِبَانّ لاانْلَتَهِبْ تَنْتَخِبُوْنَ

لِاَحْتَرِزْنَ اِسْتَمَعْنَ لِنَکْتَسِبْ یُغْتَسِلُ مُعْتَمِدِیْنَ مُلْتَهِبُوْنَ

تمرین باب استفعال ثلاثی مزید، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْاِسْتِخْرَاجُ (نکالنا) اَلْاِسْتِبْشَارُ (خوش ہونا) الاستحقار (حقیر سمجھنا) الاستغفار (بخشش چاہنا)

الاستخلاف (خلیفہ بنانا) الاستبدال (بدل دینا) الاستکمال (پورا کرنا) الاستفسار (پوچھنا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الاستخراج سے فعل نہی حاضر معلوم الاستبشار سے فعل مضارع منفی معلوم

الاستحقار سے فعل ماضی مثبت مجہول الاستغفار سے فعل امر حاضر معلوم ومجہول

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

اُسْتُخْرِجَ يَسْتَبْشِرَان مُسْتَحْقِرٌ مَااسْتَغْفَرُوا لم تَسْتَخْلِفْ لَااَسْتَبْدِلُ

لن تَسْتَكْمِلَا لَنَسْتَفْسِرَنَّ اِسْتَبْشِرْ لِتُسْتَخْرَجَا لَايُسْتَحْقَرُ اِسْتَغْفِرَنَّ

اِسْتَحْقَرَتَا لَيُسْتَخْلَفَانِّ مُسْتَكْمِلُوْنَ لَايُسْتَبْدَلُ لم تَسْتَفْسِرَا لِاَسْتَبْشِرْ

تمرین باب انفعال ثلاثی مزید، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْاِنْقِلَابُ (پلٹنا) اَلْاِنْشِرَاحُ (کھلنا) الانعکاس (الٹنا) الانصراف (لوٹنا)

الانکشاف (کھلنا) الانخراق (پھٹنا) الانطلاق (چلنا) الانفصال (جدا ہونا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الانقلاب سے فعل جحد منفی بلم معلوم الانشراح سے فعل امر غائب معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ

الانکشاف سے فعل ماضی مثبت معلوم الانعکاس سے اسم فاعل اور اسم ظرف

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

لَيَنْقَلِبَانِّ لم تَنْشَرِحَا لَايَنْعَكِسُ مُنْصَرِفُوْنَ لَيَنْكَشِفَانِّ اِنْطَلَقَتَا

اِنْخَرَقَ اِنْفَصَلَ يَنْخَرِقَان مُنْطَلِقٌ مَاانْخَرَقُوْا لم تَنْقَلِبْ

لَااَنْصَرِفُ لن تَنْكَشِفُوْا لِنَنْطَلِقْ اِنْطَلِقِيْ تَنْفَصِلِيْنَ مَاانْصَرَفْتُ

تمرین باب افعلال ثلاثی مزید، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْاِصْفِرَارُ (زرد ہونا)　اَلْاِخْضِرَارُ (سبز ہونا)　الاسمرار (گندم گوں ہونا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الاصفرار سے فعل جحد منفی بلم معلوم　الاخضرار سے فعل امر غائب معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ

الاسمرار سے فعل امر حاضر معلوم　الاصفرار سے اسم فاعل اور اسم ظرف

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

اِصْفَرَّتْ　يَخْضَرَّانِ　مُخْضَرَّيْنِ　اِسْمَرَّتْ　تَسْمَرُّ　لم تَسْمَرِرْ

لاتَسْمَرَّ　اِسْمَرَّ　مُسْمَرُّوْنَ　مُخْضَرَّاتٌ　مُصْفَرِّيْنَ　اِصْفَرِرْ

لَيَصْفَرِرْنَانِّ　اِصْفَرَّنْ　لايَخْضَرُّوْنَ　لاتَسْمَرِرْ　اِخْضَرَرْنَا　مُسْمَرَّةٌ

تمرین باب افعیلال ثلاثی مزید، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْاِحْمِيْرَارُ (بتدریج سرخ ہونا)　اَلْاِشْهِيْبَابُ (گھوڑے کا تدریجا سفید ہونا)　الاسمیرار (گندم گوں ہونا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الاحمیرار سے فعل جحد منفی بلم معلوم　الاشهیباب سے فعل نہی غائب معلوم

الاسمیرار سے فعل امر غائب معلوم　الاحمیرار سے اسم فاعل اور اسم ظرف

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

اِحْمَارَرْنَ　مُحْمَارُّوْنَ　لم يَشْهَابِبْنَ　اِسْمَارَّ　يَشْهَابُّ　اِحْمَارَرْتُمْ

لم تَحْمَارِّيْ　لاتَحْمَارِرْ　لن يَّسْمَارُّوْا　لَيَسْمَارَّنَّ　اِشْهَابَّ　لِيَشْهَابُّوْا

لاتَسْمَارِّيْنَ　مُسْمَارِّيْنَ　اَسْمَارُّ　لاتَحْمَارِّيْ　لاتَحْمَارِّ　مُسْمَارٌّ

تمرین باب افعیعال ثلاثی مزید، سالم

درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں

اَلْاِخْلِیْلَاقُ (کپڑے کا پرانا ہونا) اَلْاِمْلِیْلَاحُ (پانی کا کھارا ہونا) الاخریراق (کپڑا کا پھٹ جانا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الاخلیلاق سے فعل جحد منفی بلم معلوم الاملیلاح سے فعل امر غائب معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ

الاخریراق سے فعل امر حاضر معلوم الاخریراق سے اسم فاعل اور اسم ظرف

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

مَااخْلَوْلَقَ لم یَخْلَوْلِقَا لَتَمْلَوْلِحَنَّ اِخْرَوْرَقُوْا لن تَمْلَوْلِحِیْ لاتَخْرَوْرِقِیْ

مُخْلَوْلِقِیْنَ لم تَمْلَوْلِحُوْا اِمْلَوْلِحِیْ اِخْرَوْرِقَنَّ یَخْلَوْلِقْنَ لاتَخْرَوْرِقْنَ

اِخْرَوْرِقِیْ لِیَمْلَوْلِحْنَ لاتَخْرَوْرِقَنَّ اِمْلَوْلِحْ مُمْلَوْلِحِیْنَ لاتَمْلَوْلِحِیْ

تمرین باب افعوال ثلاثی مزید، سالم

درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْاِخْرِوَّاطُ (لکڑی کا چھیلنا) اَلْاِعْلِوَّاطُ (اونٹ کی گردن میں قلادہ باندھنا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الاخرواط سے فعل مستقبل مؤکد منفی بلن معلوم الاخرواط سے فعل امر غائب معلوم

الاعلواط سے فعل امر حاضر معلوم الاعلواط سے اسم فاعل اور اسم ظرف

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

اِخْرَوَّطَتْ یَخْرَوِّطُوْنَ لاتَخْرَوِّطِیْنَ لن یَّخْرَوِّطُوْا لَیَخْرَوِّطْنَانِّ

مُعْلَوِّطِیْنِ لاتَعْلَوِّطِیْ لاتَعْلَوِّطُوْنَ لن اَعْلَوِّطَ مُعْلَوِّطِیْنِ

یَعْلَوِّطْنَ لاتَخْرَوِّطْنَ

تمرین باب افّعّل ثلاثی مزید، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں

اَلْاِزَّمُّلُ (کپڑا اوڑھنا) اَلْاِضَّرُّعُ (گڑگڑانا) الاذکر (یادکرنا) الاجنب (بچنا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الازمل سے فعل مضارع معلوم — الاضرع سے فعل امر غائب معلوم

الاذکر سے فعل امر حاضر معلوم — الاجنب سے اسم فاعل اور اسم ظرف

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

اِزَّمَّلْنَ نَزَّمَّلُ مُزَّمِّلٌ لن یَزَّمَّلُوا لِیَزَّمَّلَنَّ لاتَزَّمَّلِی

مُضَّرِّعَاتٌ لاتَضَّرَّعْنَ اِضَّرَّعُوا لِیَضَّرَّعْنَ لن اَضَّرَّعَ مُضَّرِّعَیْنِ

مُذَّکِّرِیْنَ مُذَّکِّرِیْنَ یَذَّکَّرُوْنَ لم تَجَّنَّبِیْ اِجَّنَّبْنَ لاتَجَّنَّبْ

تمرین باب اِفّاعُل ثلاثی مزید، سالم

درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْاِدَّارُکُ (تلافی کرنا) اَلْاِشَّابُہُ (ہم شکل ہونا) الاصالح (مصالحت کرنا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الادارک سے فعل مضارع معلوم — الاشابہ سے فعل امر غائب معلوم

الاصالح سے فعل امر حاضر معلوم — الاصالح سے اسم فاعل اور اسم ظرف

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

یَدَّارَکْنَ اِدَّارَکُوا مُدَّارَکَاتٌ لم تَدَّارَکِی لِیَدَّارَکْنَانِّ اِدَّارَکَا

اِشَّابَہْنَ مُشَّابِھُوْنَ تَشَّابَہْنَ لن اَشَّابَہَ اِشَّابَہِی لاتَشَّابَہْ

تَصَّالَحِیْنَ لن یَصَّالَحْنَ لاتَصَّالَحِی لاتَصَّالَحُوْنَ مُصَّالِحَاتٌ اِصَّالَحْنَ

تمرین باب فعللة رباعی مجرد، سالم

۱- درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلزَّعْفَرَةُ (زعفران سے رنگنا) اَلْبَعْثَرَةُ (بکھیرنا) العسکرة (خیمہ زن ہونا) الحملقة (گھور کے دیکھنا)

البرقعة (برقع اوڑھنا) الفرقعة (چٹخانا) الزخرفة (سجانا) القنطرة (ڈھیروں مال جمع کرنا)

۲- درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

البرقعة سے فعل نہی غائب معلوم البعثرة سے فعل مضارع معلوم

العسکرة سے فعل مستقبل مؤکد منفی بلن معلوم القنطرة سے فعل امر حاضر معلوم

۳- ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

لاتُزَخْرِفْ	لایُبَعْثِرَانِ	مُفَرْقِعَتَانِ	قَنْطَرْتُمَا	یُزَعْفِرْنَ	عَسْكِرْ
لم تُبَرْقِعْ	لِتُحَمْلِقَا	لن نُزَخْرِفَ	مُزَعْفِرَانِ	مابَعْثَرَتَا	لِيُقَنْطِرَانِّ
لَتُقَنْطِرَانِّ	لایُزَخْرِفَا	عَسْكَرْتَ	لِتُبَرْقِعَنَّ	مُعَسْكَرٌ	حَمْلَقَا

تمرین باب تفعلل رباعی مزید، سالم

۱- درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلتَّزَنْدُقُ (بے دین ہونا) اَلتَّبَخْتُرُ (جھومنا) التعصفر (زرد ہونا) التعترف (غصہ ظاہر کرنا)

التصعلک (غریب ہونا) التسربل (کرتا پہننا) التبعثر (بکھرنا)

۲- درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

التبختر سے فعل مضارع معلوم التعترف سے فعل مستقبل مؤکد مؤکد بلن معلوم

التزندق سے فعل امر حاضر معلوم التعصفر سے فعل نہی حاضر معلوم

۳- ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

مُتَزَنْدِقَانِ	لِیَتَبَخْتَرَنَّ	مُتَعَصْفِرِیْنَ	تَتَعَتْرَفُ	تَسَرْبَلْنَا	مُتَعَصْفِرَةٌ
لن تَبَعْثَرَا	لِیَتَبَعْثَرَانِّ	ماتَزَنْدَقْنَا	تَبَخْتَرْنَ	لاتَتَعَتْرَفْ	مُتَسَرْبِلُوْنَ
مُتَبَخْتِرٌ	لِیَتَعَتْرَفْنَانِّ				

تمرین باب افعنلال رباعی مزید، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْاِسْلِنْطَاحُ (لیٹ جانا) اَلْاِبْرِنْشَاقُ (خوش ہونا) الادرنفاق (تیز چلنا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الاسلنطاح سے فعل مضارع معلوم الابرنشاق سے فعل مستقبل مؤکد نفی بلن معلوم

الادرنفاق سے فعل نہی غائب معلوم

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

اِسْلَنْطِحْ مُبْرَنْشِقُوْنَ مَاادْرَنْفَقْنَا لَتَسْلَنْطِحَنَّ لَنَبْرَنْشِقَنَّ

لَایَدْرَنْفِقَا اِبْرَنْشَقَا اِبْرَنْشِقَا

تمرین باب افعلّال رباعی مزید، سالم

۱-درج ذیل مصادر سے صرف صغیر پڑھیں۔

اَلْاِجْلِعْبَابُ (بستر پر دراز ہونا) اَلْاِسْلِحْبَابُ (راستہ کا سیدھا ہونا)

الازمهرار (سخت سردی والا ہونا) الاکفهرار (تیوری چڑھانا)

۲-درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

الاجلعباب سے فعل ماضی مثبت ومنفی معلوم الاسلحباب سے فعل مضارع معلوم

الازمهرار سے فعل مستقبل مؤکد منفی بلن معلوم الاکفهرار سے فعل امر حاضر معلوم

۳-ذیل میں دیئے گئے کلمات کے صیغے، وزن اور صرف کبیر کا نام بتائیں نیز ان کا ترجمہ بھی کریں۔

لِاَجْلَعِبَّ مُسْلَحِبَّةٌ لَیَزْمَهِرْرَنَانِ مُکْفَهِرٌّ

تمرین صرف کبیر ابواب سالم

درج ذیل مصادر سے صرف کبیر پڑھیں۔

اَلْاِکْرَامُ سے فعل ماضی منفی معلوم
اَلْاِذْهَابُ سے فعل امر حاضر معلوم
اَلْاِدَّارُکُ سے فعل مضارع منفی معلوم
اَلْاِسْتِخْرَاجُ سے فعل نہی حاضر معلوم
اَلْعِلْمُ سے اسم تفضیل
اَلشَّهَادَةُ سے فعل مستقبل مؤکد منفی بلن معلوم
اَلْاِشَّابُهُ سے فعل مستقبل مؤکد منفی بلن معلوم
اَلْاِصَّالُحُ سے فعل امر حاضر معلوم مؤکد بانون تاکید خفیفہ
اَلتَّرْغِیْبُ سے فعل ماضی مثبت مجہول
